# کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد

## ---شاندار نیلام عام---

### ٹھیکہ برائے نیلامی SMDs / LEDs بورڈز چارجز (مدت میعاد برائے 03 سال

(از 01/07/2025 تا 30/06/2028)

کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد اپنی حدود واقع مانسرہ روڈ کے اندر ٹھیکہ برائے نیلامی SMDs / LEDs بورڈز چارجز مدت میعاد برائے 03 سال، نیلامی سالانہ بنیاد پر ہوگی۔ بذریعہ نیلام عام ٹھیکہ پر دینے کا خواہشمند ہے۔ لہذا خواہشمند حضرات مورخہ 11/06/2025 بوقت دن 11 بجے دفتر ہذا میں حاضر ہو کر نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی کا عمل تاریخ مقررہ پر پورا نہ ہو سکا تو دوبارہ نیلامی مورخہ 12/06/2025 جبکہ سہ بارہ مورخہ 13/06/2025 کو ہوگی۔

| نمبر شمار | سائز | مقامات | تعداد |
| --- | --- | --- | --- |
| 01 | ( 03' x 06') | مانسرہ روڈ | 110 |
| 02 | ( 60' x 20') | مانسرہ روڈ نزد CMH بالمقابل کینٹونمنٹ بورڈ نرسری ایبٹ آباد | 01 |

**شرائط:**

(1) ایسے افراد جن کے ذمہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے واجبات ہوں یا دفتر ہذا سے مقدمہ بازی میں ملوث رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں، نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

(1)۔ بولی شروع ہونے سے پیشتر ہر بولی دہندہ کو مبلغ -/10,00,000 (دس لاکھ روپے) بشکل کال ڈیپازٹ ہمراہ نقل شناختی کارڈ بطور زر بیعانہ بحق کینٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر ایبٹ آباد جمع کرانے ہونگے۔ اور اگر کسی دوسرے کے لئے نیلامی میں حصہ لے گا تو وہ اس کی طرف سے مختیار نامہ یا اتھارٹی لیٹر مہیا کرے گا۔

(2)۔ کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا 1/4 حصہ بولی کے اختتام پر فوراً جمع کرانا ہوگا۔ بصورت عدم ادائیگی پہلے سے اداشدہ رقم بشکل کال ڈیپازٹ ضبط کر لی جاے گی۔

(3) زر ضمانت کی رقم ٹھیکہ کے کامیاب اختتام پر واپس کی جائے گی۔

(4)۔ دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو کال ڈیپازٹ اس وقت تک واپس نہیں کیا جاے گا، جب تک کامیاب بولی دہندہ کی بورڈ/ مجاز اتھارٹی سے منظوری نہ ہو جاے۔

(5)۔ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کا نادہندہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔

(6)۔ کامیاب بولی دہندہ ماہانہ اقساط 05 تاریخ سے پہلے جمع کرائے گا اور اپنے خرچہ پر بورڈ کے ساتھ تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

(7)۔ انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مجوزہ قوانین کے مطابق ہوگا جو کامیاب بولی دہندہ کو ادا کرنا ہوگا

(8)۔ کامیاب بولی دہندہ حتمی منظوری کے بعد 60 یوم کے اندر اندر SMDs/LEDs اپنے خرچے پر لگانے کا پابندی ہوگا، اور بجلی وغیرہ کے تمام اخراجات کامیاب بولی دہندہ کے ذمہ ہوں گے۔

(9)۔ کامیاب بولی دہندہ کو SMDs/LEDs سے متعلق پاکستان انجینیرنگ کونسل سے رجسٹرشدہ فرم کا SMDs/LEDs Structure Stability Certificate کو انسٹالیشن کے بعد مہیا کرنا ہوگا۔

(10)۔ کامیاب بولی دہندہ کو ایسی کسی بھی Publicity کی اجازت نہ ہوگی، جو کہ اسلامی اصولوں، پاکستانی قانون اور لوکل کلچر سے متصادم ہو۔

(11)۔ مشتہر 23 مارچ، 14 اگست، 06 ستمبر، عیدالاضحیٰ اور قومی بین الاقوامی اہمیت کے دیگر تقریبات کے موقع پر جب بھی بورڈ/ سی ای او کی طرف سے چاہیں قومی ویڈیوز دیکھائیں گے۔ اور اس سلسلے میں مشتہر کو کوئی ادائیگی / چھوٹ نہیں دی جاے گی۔

(12)۔ کینٹ بورڈ کی منظوری لے کر کامیاب بولی دہندہ کو 03 سال ٹھیکے کی میعاد ختم ہونے پر دوبارہ ٹھیکے کی منظوری دے سکتا ہے یا دوبارہ نیلامی بھی کی جا سکتی ہے۔

(13)۔ ٹھیکے کی مدت پوری ہونے کے بعد ٹھیکہ دار تمام اسٹرکچرا اپنے خرچہ پر ہٹانے کا پابند ہوگا اور دوران ٹھیکہ SMDs/LEDs سٹرکچر کو کسی بھی قسم کے نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

(14)۔ کینٹونمنٹ بورڈ/ ایگزیکٹیو آفیسر اس چیز کا مجاز ہوگا کہ وہ وجہ بتا کر کوئی بھی بولی مسترد کر دے۔

(15)۔ قسط بروقت نہ جمع کرانے پر مبلغ -/1000 روپے یومیہ سرچارج SMDs/LEDs بھی ادا کرنا ہوگا۔

(16)۔ ٹھیکیدار/ کامیاب بولی دہندہ کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کے منظور شدہ چارجز کے مطابق وصولی کا مجاز ہوگا۔

(17) کامیاب بولی میں سالانہ 10% کے حساب سے اضافہ ہوگا۔

(18) بولی تمام بورڈز یا فی بورڈ کے حساب سے منعقد کی جائے گی۔

(19) دیگر شرائط وضوابط دوران اوقات کار دفتر کینٹونمنٹ بورڈ ریونیو برانچ سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔

**المشتہر:**

کینٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر

ایبٹ آباد چھاؤنی

Syed Mohsin Hassan, Assistant Director (Web Design), Tuesday, 03 June, 2025, 11:13 AM

Syed Mohsin Hassan, Assistant Director (Web Design), Tuesday, 03 June, 2025, 11:13 AM